
3

# دو دوست



کسی گاؤں میں دو دوست دانش اور دلاور رہا کرتے تھے۔ دونوں میں گہری دوستی تھی۔ ایک دن دونوں دانیال کی دکان پر دال خریدنے پہنچے اور کہا، "ہمیں دال چاہیے۔"

دانیال نے کہا، "کیوں نہیں، ضرور ملے گی، لیکن آج تمھیں پیسے دینے کی ضرورت نہیں ہے۔"

دونوں نے حیرت سے کہا، "کیوں جناب؟"

دانیال نے خوش ہو کر کہا۔ "آج میں آپ لوگوں سے ایک نیک کام کروانا چاہتا ہوں۔"

"وہ کیا؟" دونوں نے حیرت سے پوچھا۔

"ہمارے پاس تھوڑا اناج ہے۔ اسے بستی کے ان لوگوں کو دینا ہے اور وہ بھی مفت، جو محنت مزدوری

© NCERT not to be republished



توکرتے ہیں لیکن ان کی گزر بسر بڑی مشکل سے ہوتی ہے۔'' دکان دار نے سمجھاتے ہوئے کہا۔

''اور یاد رکھنا وہاں پر زیادہ دیر رکنا مت۔ کہیں ایسا نہ ہو وہاں پر ہونے والے کٹھ پتلی کے کھیل اور ڈگڈگی کی آواز میں گُم ہو جاؤ اور وقت کا خیال نہ رہے۔''

دونوں خوشی خوشی راضی ہوگئے۔ ''ہم اپنی ذمّے داری بہ خوبی نبھائیں گے۔ اگر ہمیں آنے میں دیر ہو جائے تو ہمارا سامان واحد کو دے دینا۔ وہ سامان وسیم کی مدد سے ہم تک پہنچ جائے گا۔ ہم سب ایک دوسرے کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں۔''





© NCERT not to be republished

## ☜ اساتذہ کے لیے ہدایات:

- اس کہانی کی مدد سے ہمیں طلبا کو 4 حروف 'د'، 'ڈ'، 'ذ' اور 'و' سکھانے ہیں۔
- بچّوں سے سوال کریں کہ اس کہانی کے ایسے الفاظ بتائیں جو 'د' سے شروع ہوتے ہیں۔ بچّے دانش، دلاور اور دانیال وغیرہ لفظ بتائیں گے۔
- استاد تختۂ سیاہ پر ''د'' لکھ کر بتائیں کہ یہ تینوں الفاظ اردو کے حرف 'د' سے شروع ہوتے ہیں۔
- اسی طرح بقیہ حروف سے شروع ہونے والے الفاظ پوچھ کر سبھی حروف سے بچّوں کو متعارف کرائیں۔
- پھر ان حروف کو جوڑ کر بنائے جانے والے آسان الفاظ تختۂ سیاہ پر لکھیں۔ جیسے: ادا، جدا، خدا، خود، دن، دان، دین، داب، باد، اور دوب وغیرہ۔
- یہاں بچّوں کو یہ بھی بتایا جائے کہ یہ حروف اپنے بعد آنے والے کسی بھی حروف سے ملا کر نہیں لکھے جاتے۔

# مشق





## 1. ان حروف کو لکھوائیے

د ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

ڈ ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

ذ ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______

و ______ ______ ______ ______ ______ ______ ______



## 2. لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوائیے

دو =

خود =

دین =

## 3. نیچے دی گئی تصویروں کا پہلا حرف لکھوائیے










© NCERT not to be republished

## 4. مثال کے مطابق حروف کو ملا کر لفظ لکھوائیے







**مثال:** وا ــــ ی = وادی

دو ــــ ت = ________

دا ــــ ی = ________

ــــ ے ن ا = ________

ا ــــ اج = ________

ــــ ــــ ان = ________

## 5. حروف کو ملا کر لفظ بنوائیے



**مثال:**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خ | و | ب | | | = | خوب |
| د | و | س | ت | | = | ________ |
| ا | ن | ا | ج | | = | ________ |
| د | ک | ا | ن | | = | ________ |
| آ | ب | ا | د | ی | = | ________ |




© NCERT not to be republished

## 6. بچّوں سے تین حرفی بامعنی الفاظ بنوائیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | = | |
| | | | = | |
| | | | = | |
| | | | = | |
| | | | = | |
| | | | = | |

## 7. ان لفظوں کو لکھوائیے




خوب ________

اناج ________

جناب ________

دینے ________

خاص ________

آج ________

دو ________

© NCERT not to be republished